Koran. Juz' al-hamd

Pārah alif-lām-mīm

پارہ الم منظوم ترجمہ از آغا شاعر دہلوی

١

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ اٰيٰتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

ہے نام سے خدا کے آغاز کا اُجالا)
جو مہربان بڑا ہے بیحد جو رحم والا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
تعریف سب خدا کو جو رب ہے عالمون کا

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
جو مہربان بڑا ہے بیحد جو رحم والا

ال
منزل

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
محشر کے دن کا مالک (روز جزا کا والی)

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
تجکو ہی پوجتے ہین ہم تیرے ہی سوالی

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
سیدھی ڈگر پہ لے چل (ثابت قدم بنائے)

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ
نعمت جنھین عطا کی اُنکی روش سُجھائے

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
نے اُنکی راہ جنپر قہر و غضب ہوئے ہین

وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
نے اُنکی جو بہک کر گمراہ ہوگئے ہین

ع
١

سورة البقرة مدنية وهي مائتان وست وثمانون آية

بسم الله الرحمن الرحيم ۝

ہے نام سے خدا کے آغاز (کا اُجالا[1])	جو مہرباں بڑا ہے بیحد جو رحم والا
الٓمّٓ ۝ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ	ایسی کتاب ہے یہ جس مین نہین کوئی شک
هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝	ڈرتے ہیں جو خدا سے اُنکے لئے ہی چونک
الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ	وہ جو کہ غیب پر ہین ایمان اپنا رکھتے
وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝	قائم کرین نمازین بخشین دیئے ہوئے سے
وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ	تم پر ہوا جو نازل اوسپر بھی ہے عقیدا
وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ	اُس پر بھی ہی بھروسہ جو تم سے پہلے اُترا
وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝	(پورا) یقین رکھتے جو آخرت پہ بھی ہین
	(دن رات جنکی دین فکرین نجات کی ہین)

ع ۱

منزل ۱

[1] وہ چراغ جسکے چاروں طرف روشنی ہو۔

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ق	یہی تو راہ پر ہیں ربکی طرف سے اپنے
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○	پہل پائینگے یہی تو یہ ہی فلاح والے
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ	منکر جو ہوچکے ہیں یکساں ہے اُنکے لیکھے
ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ	خوف انکو دو نہ دو تم دیندار وہ نہونگے
خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ط	کان اور دل پہ انکے اللہ کی ہیں مُہریں
وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ	آنکھیں پٹم ہیں اُنکی بھاری عذاب جھیلیں
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ	ایسے بھی لوگ ہیں کچھ جو (منہ سے) ہیں یہ کہتے
اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	قائل ہیں ہم یقیناً اللہ و آخرت کے
وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ○	حالانکہ (وہ نہیں ہین) وہ مومنیں نہیں ہین
	(کفر و نفاق اُنمیں راسخ ہیں دلنشیں ہین)
يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ج	جُل دیتے ہیں خدا کو اور انکو جو ہیں مومن
وَمَا يُخٰدِعُوْنَ	لیکن نہین یہ دہوکا - دہوکا ہے غیر ممکن

ع ۱
منزل ۱
وقف لازم

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ	دراصل وے رہے ہیں آپ کو اپنے دھوکا
وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝ ط	لیکن نہین سمجھتے ۔(یہ بھیر ہے سمجھ کا)
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ لا	پہلے ہی روگ اُنکے دل میں بھرا ہوا تھا
فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ج	اللہ نے بڑھایا اُس روگ کو سوا یا
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝	بھاری عذاب اُنپر اِس جھوٹ کی سزا ہے
	(ایسا عذاب ہوگا) جو درد سے بھرا ہے
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ	جب اُن سے ذکر آیا جھگڑو نہ تم زمین پر
قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝	کہتے ہیں ہم تو خود ہی اصلاح کے ہیں خوگر
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ	سُن لو یہی ہیں مفسد (پوری ہیں فسادی)
وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝	لیکن نہیں سمجھتے اَندھی سمجھ ہے ان کی
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا	جب اُن سے ذکر آیا ایمان لاؤ تم بھی
كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ	جیسا اَوروں لائے (کی بندگی خدا کی)

منزل ا

قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ	تو کہتے ہین کہ ہم بہی ایمان ایسا لائین
كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ	جیسا کہ چند احمق (پھندہیں پھنس گئے ہیں)
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝	سُن لو یہی ہیں احمق پر جانتے نہیں ہین
	(اپنی حماقتوں کو پہچانتے نہیں ہین)
وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	جب مومنوں سے اُنکی ہوتی ہیں چار آنکھیں
قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ	تو کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لا چکے ہین
وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ	لیکن جب اُنکی ٹکڑی ملتی ہے اُنکو تنہا
	شیطانوں سے وہ اپنے ملتے ہیں جب کسی جا
قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ	کہتے ہیں (مرتے مرتے بھی) ساتھ ہی تمھارا
اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝	اُن کو بناتے تھے ہم کرتے تھے اُنسے ٹھٹھا
اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ	اللہ بہی ہے اُنکو ہنس ہنس کے ڈھیل دیتا
فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝	تاکہ وہ سرکشی میں بھٹکا کرین (ہمیشا)

منزل ١

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ	یہ ہی تو لوگ ہیں وہ جن کی (اُلٹ گئی مت)
اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ	بدلے ہدایتوں کے بے مول لی ضلالت
فَمَا رَبِحَتْ تِجَارَتُهُمْ	ٹوٹے میں رہ گئے وہ بے سُود تھا یہ سودا
وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ○	آئے نہ سیدھے رستے بیپار رہی نہ چمکا
مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي	اُنکی مثال ایسی-ایسی ہے جیسے (دیکھو)
اسْتَوْقَدَ نَارًا	بھڑکا لی ہو کسی نے اِک آگ روشنی کو
فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ	لیکن بھڑک جو اُٹھے چمکے جو گرد اُس کا
ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ	اللہ نور لیلے (چھا جاے گھپ اندھیرا)
	(چُندھیا گئے وہ گویا اپنا پتہ نہیں ہے)
وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ○	تاریکیوں میں ہیں وہ کچھ سوجھتا نہیں ہے
صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ	بہرے ہیں بھنڈ گونگے اندھے ہیں (وہ سراسر)
فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ○	اب آ نہیں ہیں سکتے رستے پہ وہ پلٹ کر

منزل ۱

اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ	یا آسمانی بارش جسمیں ہیں گھپ اندھیرے
وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ج	بجلی کی چمکیں ہیں اور شور ہیں گرج کے
يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	کانوں میں انگلیاں وہ دیتے ہیں (اپنے اپنے
مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ط	مارے کڑک کے ڈر سے ہیں موت کے لرزتے
	(جا سکتے ہیں کہیں یہ؟ جنبش نہ مطلقاً ہو)
وَاللّٰهُ مُحِيْطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ○	اللہ کا ہے گھیرا۔ گھیرے ہے کافروں کو
يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ط	نزدیک ہے کہ بجلی خیرہ کرے نگاہیں
	اُس نور کو جھٹک دے (روشن یہ جس سے راہیں)
كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ق لا	اُسکی چمک ہوئی جب (جلدی سے) چل پڑے یہ
وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ط	جب ہو گیا اندھیرا پھر رہ گئے کھڑے یہ
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ	اللہ چاہتا جو (پل بھر بھی تو نہ لگتی)
لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ط	لے لیتا اُنسے قوت سننے کی دیکھنے کی

منزل ۱

ع ٣/٢

قرآن	ترجمہ
	(طاقت بڑی ہے اسکی قوت سے ہر وہ ظاہر)
إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝	بیشک خدا خدا ہے ہر چیز پر ہے قادر ۔
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ	اے آدمیو اپنے رب کی کرو عبادت
الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ	جسنے بنایا تم کو اور تم سے پہلی خلقت
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ لا	تاکہ ڈرو تم اس سے (طاعت گزار ہی ہو)
	(بلکہ عجب نہیں ہے پرہیزگار بھی ہو)
الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا	جسنے تمہاری خاطر فرشِ زمیں بچھایا
وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ص	اور آسمان کی چھت جو کر رہی ہے سایا
وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً	اور آسماں سے پانی برسے جہاں سے
فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ	جس سے ہوئے ہیں پیدا کھانیکو پھل تمہارے
فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا	(پھر اب تو اس خدا کو نسبت ند و کسی سے)
وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝	ہم پلہ مت بناؤ تم تو ہو جانے بوجھے

منزل ١

وَاِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ	اور وہ جو ہم نے اپنے بندہ پہ ہے اُتارا
مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا	کچھ شک اگر ہو اُسمیں کچھ زعم ہو تمہارا
	کھل جائینگے ابھی سب ہٹ دھرمیونکے جوہر
فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص	لے آؤ ایک سورت ویسی ہی تم بناکر
وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ	سچے ہو تو بلالو - جو کچھ بضاعتی ہون
دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○	اللہ کے سوا سب جتنے حمائتی ہون
فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا	پھر یہ نہ کرسکو جو - ہرگز نہ کرسکوگے
فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ	تو خوف لاؤ دلیں اُس آگ (کی دھکسے)
وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۚ	جس آگ کا کہ ایندھن پتھر اور آدمی ہون
اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ ○	اور خاص کافرونکا حصہ ہون اوسکی لپٹین
وَبَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	اور انکو دو بشارت ایمان جو ہیں لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	کیں نیکیاں اکھٹی نیکی کے پھل لگائے

منزل ۱

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ	اُنکے لیے چمن ہیں فردوس کے بہکتے
تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُؕ	بہتی ہیں جنکے نیچے نہریں چھلاک چھلک کے
كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًاۙ	اونمیں سے جب کوئی پھل کھانا انہیں ملیگا
قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ	تو یہ کہین گے ایسا پہلے بھی ہم نے کھایا
وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًاؕ	حالانکہ شکل و صورت میں ہوگا ایک ہی سا
	(دنیا سے کیا علاقہ جنت کا ہے وہ میوا)
وَلَهُمْ فِیْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ	اور پاک بی بیان بھی انکے لئے ہیں اُس میں
وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝	انمیں ہی وہ رہینگے دائم وہیں براجین
اِنَّ اللّٰهَ لَا یَسْتَحْیٖۤ	بیشک نہیں خدا کو کچھ شرم اس میں مضمر
اَنْ یَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَاؕ	ضرب المثل ہو مچھر یا اور اوس سے بڑھکر
فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ	ایمان جو ہیں لائے وہ جانتے ہیں حق ہے
مِنْ رَّبِّهِمْۚ	جو کچھ کہ ہے (بجا ہے) رب کی طرف سے اپنے

منزل ۱

وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ	اور جو ہوئے ہین کافر انکا ہے یہ مقولا	
مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا م	کیا اس مثال سے ہے اللہ کا ارادا	وقف لازم
	(ایسی مثال ہی سے خالق ہے آزماتا)	
يُضِلُّ بِهِ كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا	بہتون کو پھیر دیتا۔ بہتون کو پھیر لاتا	
وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ ۝	پھرتے نہیں ہیں لیکن فسق و فجور والے	
	(انپر ہی ہے ضلالت جو ہیں قصور والے)	منزل
الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ	جو قول کرکے پکا پھر جاتے ہیں خدا سے	
وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ	اور توڑتے ہیں اسکو جو جوڑنا کہا ہے	
وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ط	اور کرتے ہیں زمین پر جھگڑے فساد برپا	
أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝	یہ ہی تو لوگ ہیں وہ ہوگا جنھیں خسارا	
كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللَّهِ	انکار کس طرح سے کر سکتے ہو خدا کا	
وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ج	بے جان شے تھے اک تم اسنے کیا ہی زندا	

ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ	وہ ہی تو مارتا ہے۔ وہ ہی جلائے گا پھر
ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○	پھر اُسکی ہی حضوری ہونی ہے تم کو آخر
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ لَكُمْ	وہ ہی ہے (ذات باری) جنے تمہاری خاطر
مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ق	پیدا کی اِس زمین پر کل کائنات (ظاہر)
ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ	پھر آسمان کی جانب مائل ہوئے ارادے
فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط	تو سات آسمان کے یکسان پرت بنائے (منزل ۱)
	(قادر ہے مقتدر ہی واقف ہے سب سے جو ہو)
وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○	ہر چیز (کے گُنہ) کا پورا ہے علم اُس کو (ع ۳ ۹ ۳)
وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اور جب ملائکہ سے ربنے کہا تمہارے
اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ط	نائب کرونگا اپنا البتہ میں زمین پے
قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا	تو عرض کی انہوں نے آیا اُسے کرے گا
مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ	جو اُسمیں خون بہائے کرے فساد برپا

منزل ۱

وَنَحْنُ نُسَبِّحُ	حالانکہ ہم کو تیری تسبیح ہے ہمیشہ
بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ	تقدیس و حمد تیری ہر دم شعار اپنا
قَالَ	فرمایا (اسکی لم سے بہرہ نہیں ہے تمکو)
اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○	جو کچھ میں جانتا ہوں تم جانتے نہیں ہو
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا	اور نام سب بتائے آدم کو جس قدر تھے
ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ	پھر انکو پیش کر کے آگے ملائیکہ کے
فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ	فرمایا کیا ہیں یہ سب اچھا ہمیں بتا دو
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○	سچے ہو تو خبر دو ناموں سے انکے ہم کو
قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ	بولے کہ پاک ہے تو ہم ان سے بے پتے ہیں
اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ	جتنا بتا دیا ہے اتنا ہی جانتے ہین
	(ہر شے ہے تجھ پہ روشن تو نور ہے سراپا)
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○	بیشک علیم ہے تو حاکم ہے حکمتوں کا

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ

فرمایا ہاں بتاؤ آدم اِنہیں بتادو
اب اُنکے نام اِنکو تم ہی فوراً سکھادو

فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ

تعلیم کردیئے جب آدم نے نام اُن کے

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ

فرمایا کیوں نہیں تھا ہم نے کہا یہ تم سے

اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ

سب بھید جانتے ہیں ہم آسمان زمین کے
(ذرہ نہیں چھپا ہے اِن میں کا کوئی ہم سے)

وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ

اوس سے بھی باخبر ہیں ظاہر جو ہو دکھاتے

وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ○

(اُوسکو بھی جانتے ہیں) جو کچھ کہ ہو چھپاتے

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ

اور ہم نے جب کہا یہ سجدہ کریں فرشتے
جھک جائیں پیشِ آدم (پوری فروتنی سے)

فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ

شیطان کے علاوہ سب نے بہ رو بسجدا

اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ ۫ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○

منکر ہوا تکبر کی اور کافروں میں ٹھیرا

منزل ۱

وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ

ہم نے کہا کہ آدم (اب چین سے رہو تم)

اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ

تم اور تمہاری بیوی جنت میں جا بسو تم

وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ص

جی چاہے جو وہ کھاؤ اُسمیں سے بافراغت
(بیفکری سے کرو تم گلگشت باغ جنت)

وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ

اور اِس درخت سے تم ہر وقت بچکے رہنا
(اسکے قریب بہی ہونے سے مت پھٹکنا)
(یہ باندھ لو گرہ میں تاکید جانو اِس کی)

فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

ورنہ تمہاری گنتی پھر ظالموں میں ہوگی

فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا

شیطان نے پھر اُنپر چھینٹے چلے کچھ ایسے

فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ص

وان سے اُکھاڑ پھینکا جسمیں وہ بس رہے تھے

وَقُلْنَا اهْبِطُوْا

ہم نے کہا کہ اترو جاؤ یہاں سے نیچے

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ج

بیری رہوگے دشمن ۔ تم ایکدوسرے کے

منزل ۱

وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	ہے واسطے تمہارے اب مستقر زمین پر
وَّمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ○	ایک وُقت خاص تک اُن سامان ہے مقرر
فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ	پھر سیکھے اپنے رب سے آدم نے چند کلمے
فَتَابَ عَلَيْهِ	توبہ قبول کرلی اسکی سبب سے جن کے
	بخشش کا وہ دھنی ہے ہر ڈھنگ ہی نرالا
إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○	تواب ہے وہ بیشک بے حد ہے رحم والا
قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ج	ہمنے کہا کہ اُترو نیچے یہاں سے سارے (تعمیل کیلئے یہہ احکام ہیں ہمارے)
فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى	پھر جو کوئی ہدایت پہنچے ہماری تم کو
فَمَن تَبِعَ هُدَايَ	جو پیروی کرینگے مانینگے جو کہ اُس کو
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	(وہ ہین پخنت سب سے (کیلی کا ہو نہ کھٹکا)
وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○	اُنپر نہ خوف ہوگا نے کوئی غم رہے گا
وَالَّذِينَ كَفَرُوا	اور جو بنینگے منکر (جھوٹوں کا دم بھرینگے
وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا	آیات کی ہماری تکذیب جو کرین گے

منزل ۱

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ج	وہ ہی جہنمی ہیں وہ آگ میں جلیں گے
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝	(آگ اُنکا ہی ٹھکانا) دائم وہیں رہینگے
يٰبَنِيْٓ إِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا	ہاں اے بنی سرائیل ذکر انکا ہو (مقرر)
نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ	جو نعمتیں کہ ہم نے انعام کی ہیں تم پر
وَأَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ	جو عہد کر چکے ہو ہم سے کرو وہ پورا
أُوْفِ بِعَهْدِكُمْ	تاکہ وفا کریں ہم تم سے ہی عہد اپنا
	(دہشت ہماری دل میں ہر وقت تم بٹھاؤ)
وَإِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ۝	ڈرتے رہو ہمیں سے ہم سے ہی خوف کھاؤ)
وَاٰمِنُوْا بِمَآ أَنْزَلْتُ	ایمان لاؤ اوپر جو ہم نے ہے اُتارا
مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ	ہے پاس جو تمہارے یہ معترف ہے اُسکا
وَلَا تَكُوْنُوْٓا أَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهٖ ص	پہلے تمہی نہ بڑھو اُسکے جھٹلانیکو
وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا	آیات کو ہماری کم داموں پر نہ بیچو

ع ۴ ۴

منزل ۱

قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ	فرمایا ہاں بتاؤ آدم انہیں بتا دو اب اُنکے نام انکو تم ہی ذرا سکھا دو
فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ	تعلیم کر دیئے جب آدم نے نام اُن کے
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ	فرمایا کیوں نہیں تھا ہم نے کہا یہ تم سے
اِنِّىْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ	سب بھید جانتے ہیں ہم آسمان زمین کے (ذرہ نہیں چھپا ہے اِن میں کا کوئی ہم سے
وَاَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ	اوس سے ہی باخبر ہیں ظاہر جو ہو دکھاتے
وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ○	(اُوسکو ہی جانتے ہیں) جو کچھ کہ ہو چھپاتے
وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ	اور ہم نے جب کہا یہ سجدہ کریں فرشتے جھک جائیں پیشِ آدم (پوری فروتنی سے)
فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ	شیطان کے علاوہ سب بیٔے رو بسجدا
اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ○	منکر ہوا اکڑ کی اور کافروں میں ٹھیرا

منزل ۱

وَقُلْنَا يَاٰدَمُ	ہم نے کہا کہ آدم (اب چین سے رہو تم)
اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ	تم اور تمہاری بیوی جنت میں جا بسو تم
وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا ص	جی چاہے جو وہ کھاؤ اسمیں سے بافراغت
	(بیفکری سے کرو تم گلگشت باغ جنت)
وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ	اور اِس درخت سے تم ہر وقت بچکے رہنا
	(اسکے قریب ہی ہونے سے مت پھٹکنا)
	(یہ باندھ لو گرہ میں تاکید جانو اِس کی)
فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○	ورنہ تمہاری گنتی پھر ظالموں میں ہوگی
فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا	شیطان نے پھر اُنپر چھینٹے چلے کچھ ایسے
فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ص	وان سے اُکھاڑ پھینکا جسمیں وہ بس رہے تھے
وَقُلْنَا اهْبِطُوْا	ہم نے کہا کہ اتر و جاؤ یہاں سے نیچے
بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ج	بیری رہو گے دشمن۔ تم ایک دوسرے کے

منزل ۱

وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ	ہے واسطے تمہارے اب مستقر زمین پر
وَّمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ○	ایک وقت خاص تک ان سامان ہے مقرر
فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ	پھر سیکھے اپنے رب سے آدم نے چند کلمے
فَتَابَ عَلَيْهِ	توبہ قبول کرلی اسکی سبب سے جن کے
	بخشش کا وہ دھنی ہے ہر ڈھنگ ہی نرالا
إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○	تواب ہے وہ بیشک بے حد ہے رحم والا
قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ج (منزل ١)	ہمنے کہا کہ اُترو نیچے یہان سے سارے
	(تعمیل کیلئے یہہ احکام ہیں ہمارے)
فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى	پھر جو کوئی ہدایت پہنچے ہماری تم کو
فَمَن تَبِعَ هُدَايَ	جو پیروی کرینگے مانینگے جو کہ اُس کو
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ	(وہ ہین نچنت سب سے (کیلی کا ہو نہ کھٹکا)
وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ○	اُنپر نہ خوف ہوگا نے کوئی غم رہے گا
وَالَّذِينَ كَفَرُوا	اور جو بنینگے منکر (جھوٹون کا دم بھرینگے
وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا	آیات کی ہماری تکذیب جو کرین گے

ع ۴ / ۴

منزل ۱

أُولَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ النَّارِ	وہ ہی جہنمی ہیں وہ آگ میں جلیں گے
هُمْ فِيهَا خَٰلِدُونَ ○	(آگ اُنکا ہی ٹھکانا) دائم وہیں رہینگے
يَٰبَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ اذْكُرُوا	ہاں اے بنی سرائیل ذکر انکا ہو (مقرر)
نِعْمَتِىَ الَّتِىٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ	جو نعمتیں کہ ہم نے انعام کی ہیں تم پر
وَأَوْفُوا بِعَهْدِىٓ	جو عہد کر چکے ہو ہم سے کرو وہ پورا
أُوفِ بِعَهْدِكُمْ	تاکہ وفا کریں ہم تم سے بہی عہد اپنا
	(دہشت ہماری دل میں ہر وقت تم بٹھاؤ)
وَإِيَّٰىَ فَارْهَبُونِ ○	ڈرتے رہو ہمیں سے ہم سے ہی خوف کہاؤ)
وَءَامِنُوا بِمَآ أَنزَلْتُ	ایمان لاؤ اوسپر جو ہم نے ہے اُتارا
مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ	ہے پاس جو تمہارے یہ معترف ہے اُسکا
وَلَا تَكُونُوٓا أَوَّلَ كَافِرٍۭ بِهِۦ	پہلے تمہی نہ پہرو اُسکے جُھٹلانیکو
وَلَا تَشْتَرُوا بِـَٔايَٰتِى ثَمَنًا قَلِيلًا	آیات کو ہماری کم داموں پر نہ بیچو

	(دہشت ہماری دل میں ہر وقت تم بٹھاؤ)
وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ ○	ڈرتے رہو ہمیں سے ہم سے ہی خوف کھاؤ
وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ	سچ کو نہ جھوٹ سے تم ہرگز کبھی ملاؤ
وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○	اور جان بوجھکر بھی حق بات مت چھپاؤ
وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَآتُوا الزَّكٰوةَ	کرلو نماز قائم بخشو زکواۃ دایم
وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ ○	جھکتی ہو جب جماعت تم بھی ہو ساتھ ہی خم
أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ	اوروں کو نیکیوں کے احکام دے رہے ہو
وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ	اپنی خبر نہیں کچھ آپ کو بھولتے ہو
وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتٰبَ ط	حالانکہ (تم ہو واقف) تم ہو کتاب پڑھتے
أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○	(اتنی سی بات کو بھی) کیا تم نہیں سمجھتے؟
	(لازم ہے نفس کو تم بس میں کرو دباؤ)
وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط	صبر و نماز کے سنگ اپنی مدد کو چاہو

منزل ۱

وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ	بھاری ہے وہ یقیناً لیکن نہ اُن کے اوپر
إِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَ ۙ	ڈرتے ہیں جو کہ دلین (جو کانپتے ہیں تھر تھر)
الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُمْ	وہ جنکو یہ گمان ہین فکر میں ہیں دل کے اندر
مُّلٰقُوا رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رٰجِعُونَ ۝	ملنا ہے اپنے رب سے پھر جائینگے پلٹ کر
يٰبَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ اذْكُرُوا	ہاں اے بنی سرائیل یاد اُن کی ہو مقرر
نِعْمَتِيَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ	جو نعمتین کہ ہم نے انعام کی ہین تم پر
	(اور یہ کہ ہم نے تم کو سرکار کر دیا ہے)
وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِينَ ۝	سب عالمون کے اُوپر سردار کر دیا ہے
وَاتَّقُوا يَوْمًا	اوس دن سے خوف کھاؤ (ٹھہراؤ اوس گھڑی سے)
لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا	کام آسکے نہ جبدن کوئی ذرا کسی کے
وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ	نے سعی وے سفارش اُس روز چل سکیگی
وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ۝	اُنکو مدد نہ پہنچے بدلا بھی ہو نہ کوئی

ع ۵ ۵

منزل ۱

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ	وہ بھی ہے یاد جبکہ ہم نے تمہیں بچایا
مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ	فرعونیون سے تم کو تھا بے طرح ستایا
يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ	بیٹون کو تھے تمہارے (چُن چُن کے) ذبح کرتے
وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ط	اور بیٹیاں تمہاری زندہ تھے چھوڑ دیتے
وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ	اسمیں تمہارے رب کی جانب سے امتحاں تھا
عَظِيْمٌ ○	اور امتحان بھی کیسا جو سخت تھا گراں تھا
وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ	(وہ بھی ہے یاد جبکہ رستہ کیا تھا پیدا) ہمنے تمہاری خاطر بحرِ گران کو پھاڑا
فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ	تمکو بچا لیا پھر فرعونی سب ڈبوئے
وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○	وہ غرق ہو رہے تھے تم اُنکو دیکھتے تھے
وَاِذْ وٰعَدْنَا	وہ بھی ہے یاد جبکہ ہم نے کیا تھا وعدا
مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً	موسےٰ سے عہد تھا وہ چالیس رات والا

منزل ١

ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ	پھر تم نے اُسکے پیچھے گوسالے کو بنایا
وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○	اور پوجنے لگے تم ظالم ہو (ظلم ڈھایا)
ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ	اُسپر بہی درگذر کی پھر ہم نے تم کو بخشا
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○	تا کہ ہو شکر والے (گنُ مانو گن ہمارا)
وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ	اور وہ بھی یاد ہے جب ہم نے کتاب بخشی
وَالْفُرْقَانَ	موسےٰ کو - اور اُسکے ہمراہ معجزہ بہی
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○	تاکہ ملے ہدایت تم لوگ راہ پاؤ
	(گمراہی سے نکل کر سیدہی ڈگر پہ آؤ)
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	وہ بھی ہے یاد جبکہ موسے نے یہ کہا تہا
يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ	اے میری قوم تونے آپ پہ ظلم ڈہایا
بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ	گوسالہ پوجنے سے ظالم ہوئے ہو سارے
فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ	توبہ کرو خدا سے - توبہ کرو خدا سے

منزل ۱

فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ	آپسمیں کٹ مرو تم (اب خیریت یہی ہے)
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ	اسمیں تمہارے رب کے نزدیک بہتری ہے
فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ	توبہ قبول کرلی (پھر تم پہ رحم کھایا)
اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○	توّاب ہے وہ بیشک بے حد ہے رحم والا
وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى	وہ یہی ہے یاد جبکہ تم نے کہا کہ موسے
لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ	ہرگز نہ لائینگے ہم ایمان تم پہ حاشا
حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً	جبتک نہ دیکھ لیں ہم اللہ کو ھویدا
فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ	پس گر پڑی تھی بجلی تم کو دبوچ ڈالا
وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○	تم دیکھتے تھے اسکو وہ چھا گئی سراپا)
	(بیجان ہو گئے تھے آپے کا ہوش کب تھا)
ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ	مرنے کے بعد ہم نے پھر تم کو ہے جلایا
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○	تاکہ ہو شکر والے گن مانو گن ہمارا

منزل ۱

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ	اور بادلوں کا ہم نے تم پر کیا ہے سایا
وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى	تم پر اتارا ہم نے قدرت سے منّ و سلوا
كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ	پاکیزہ رزق میں سے تاکہ بشوق کھاؤ
	(جو ہم نے کی ہے بخشش اُسکا مزہ اُٹھاؤ)
وَمَا ظَلَمُوْنَا	اپنا نہ کچھ بگاڑا دھبہ اونہیں پہ آیا
وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝	آپے کو تج دیا خود نفسوں پہ ظلم ڈھایا
وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ	اور جب کہا یہ ہم نے اس گاؤں میں ہو داخل
فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا	کھاؤ جہاں سے چاہو جس چیز پر ہو مائل
وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا	دروازہ میں سے داخل ہو جاؤ سجدہ کرتے
وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ	(بخشش طلب کرو تم) حطّے کے ہوں وظیفے
نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ	بخشینگے ہم خطائیں (رحمت دکھائینگے ہم)
وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝	اور محسنوں کا رتبہ بیشک بڑھائیں گے ہم

منزل ۱

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا	پس ظالموں نے بدلا جو اُنسے کہدیا تھا	
غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ	اک چیز اور گڑھلی قصہ ہی اور چھیڑا	
فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	پھر ہم نے آسماں سے اُنپر عذاب بھیجا	
رِجْزًا مِّنَ السَّمَاۤءِ	اُنپر جنہوں نے خود پر یہ ظلم کر دیا ہتا	
بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ○	اسواسطے کہ ظالم فاسق وہ ہوگئے تھے	ع ۱۳ ٦ منزل
	(اُنکی یہی سزا تھی انکے یہی تھے بدلے)	
وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ	امت کے واسطے جب موسیٰ نے مانگا پانی	
فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ	ہم نے کہا کہ مارو پتھر پہ اپنی لکڑی	
فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ	یک لخت بارہ چشمے اسمیں سے پھوٹ نکلے	
قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ	اور گھاٹ اپنے اپنے پہچانے ٹولیوں نے	
	(پھر اذن عام تہا یہ (دن آگئے ہیں اچھے)	
كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ	روزی ہے دی جو رب نے کھاؤ پیو مزے سے	

	(اللہ کے دیئے پر ہر وقت شکر کرنا)
وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ○	جھگڑے نہون زمین پر مفسد بنے نہ پھرنا
وَإِذْ قُلْتُمْ يَٰمُوسَىٰ	وہ بھی ہے یاد جبکہ تم نے کہا کہ موسے
لَنْ نَصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ	ہم سے نہ صبر ہوگا ملتا ہے ایک کھانا
فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ	پس اب ہماری خاطر اپنے خدا سے کہیئے
يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ	اُگتی ہین جو زمین سے وہ چیزین وہ اُگائے
مِنْ بَقْلِهَا	ہون ساگ پات اُسکے ترکاری کیطرح سے
وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ	ککڑی مسور گیہون اور پیاز کے بھی گٹھے
قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ	اِسپر کہا یہ اُن سے آیا یہ کہتے ہو تم
الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ؕ	بڑھیا کے بدلے گھٹیا شے پر اُدھلتے ہو تم
اهْبِطُوا مِصْرًا	اُترو کسی نگر مین (چل کر پڑاؤ ڈالو) تم
فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ ؕ	تم کو وہی ملیگا جو کچھ کہ مانگتے ہو تو

منزل ۱

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ	ذلّت کے مُفلسی کے اُنپر پڑے طمانچے
وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ط	گھیرے میں آگئے وہ اللہ کے غضب کے
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	یہ اس لئے کہ (سرکش آپ سے اپنے گذرے)
كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ	اِنکار کرتے تھے وہ آیات کا خدا کے
وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط	پیغمبروں کو ناحق بے جرم قتل کرتے
ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝	اِسپر کہ سرکشی میں حد سے گذر گئے تھے
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	بیشک جو لوگ لائے ایمان بندگی کی
وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ	نصرانی اور یہودی انجم پرست جو بھی
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	ایمان جو ہیں لائے اللہ و آخرت پر
وَعَمِلَ صَالِحًا	جو نیک عمل کئے ہیں (پرہیزگار رہکر)
فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ص	اجر اُنکا اُنکے رب کے ہے پاس سب ذخیرا
وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	اُنپر نہ خوف ہوگا نے غم کوئی رہے گا

منزل ۱

ع ۲

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ	وہ بھی ہے یاد جبکہ تم سے لیا تھا وعدہ
وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط	اور کوہ طور ہم نے تمپر کیا تھا اونچا
	(اُسوقت تمکو یہ بھی یہی فرمان مل چکا تھا)
خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ	مضبوط پکڑو اُسکو جو ہم نے تم کو بخشا
وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ	جو اُسمیں ہے تم اُس کا مذکور جاری رکھو
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○	تاکہ ہو ڈرنے والے پرہیزگار بھی ہو
ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ج	پھر پھر گئے تم اُس سے پھر اُسکے بعد بڑے
فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ	تم پر جو فضل و رحمت اللہ کے نہوتے
لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○	نقصان تم اُٹھاتے ۔ ہوتے ہر تمہارے
	گھاٹے میں آ گرے تھے تم جھیلتے خسارے
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ	البتہ تم ہو واقف تم میں سے تھی وہ ٹکڑی
الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ	ہفتے کے دن کی بابتہ جس نے زیادتی کی

منزل ۱

فَقُلْنَا لَهُمْ	پس ہم نے کہدیا یہ اُن سے کہ شکل بدلو
كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ○	(اب سے) ذلیل بندر بن جاؤ تم لعینو!
فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا	پھر ہم نے یہ کہانی عبرت بنائی (سبکی)
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا	ہمعصر تھے جو اُنکی اور اُن کے بعد کے بھی
	(اس واقعہ کو سنکر ہو جائے چشم عبرت)
وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ○	ڈرتے ہیں جو خدا سے اُن کے لئے نصیحت
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى	وہ بھی ہے یاد جبکہ موسےٰ نے یہ کہا تھا
لِقَوْمِهٖٓ	امت کو اپنی اُس نے ایکایہ کر دیا تھا
اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً	حکم خدا ہے تم کو اک گائے ذبح کرنی
قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا	تو بولے وہ کہ یہ کیا ہے دل لگی نکالی
قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ	اُس نے کہا کہ تو بہ خالق پناہ بخشے
اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○	ایسا نہو کہ میں بھی ہو جاؤں جاہلوں سے

منزل ۱

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	تو بولے وہ دعا کر رب سے ہماری خاطر
يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ؕ	کیا اُسکی ماہیت ہے ہم پر کرے وہ ظاہر
قَالَ إِنَّهٗ يَقُولُ	اُس نے کہا کہ خالق تحقیق سے ہے کہتا
إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ	وہ گائے ہے نہ بوڑھی چھوٹی سی ہے نہ بچھیا
عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ ؕ	وہ راس بیچکی ہے دونوں میں سے نہو تم
فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ۝	بس حکم جو ملا ہے تعمیل کر چکو تم
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	تو بولے وہ دعا کر رب سے ہماری خاطر
يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ؕ	کیسا ہی رنگ اُس کا ہم پر کرے وہ ظاہر
قَالَ إِنَّهٗ يَقُولُ	اُس نے کہا کہ خالق تحقیق سے ہے کہتا
إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِينَ	وہ زرد گائے ہے اور ہے شوخ رنگ کھلتا
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ	تو بولے وہ دعا کر رب سے ہماری خاطر
يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ إِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ	گائیں ہیں مشتبہ سی اٹکل ہو کوئی ظاہر

منزل ۱

	(پورا پتہ ملے جو پھر کچھ نہو شکایت)
وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ○	اب کے خدا جو چاہے پائینگے ہم ہدایت
قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ	اُس نے کہا کہ خالق تحقیق سے ہے کہتا
	(اسمین شبہ نہین کچھ اسمین نہین ہے پردا)
اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ	وہ گائے جو کمیری نے جوتتی زمیں ہو
وَلَا تَسْقِى الْحَرْثَ	نے سینچتی ہو کھیتی بیمار بھی نہیں ہو
مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا	سالم ہو چکنی چپڑی - دھبّا نہ داغ اُسکے
قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ	وہ بولے اب کہا ہے - اب ٹھیک بات لائے
فَذَبَحُوْهَا	پھر ذبح کی وہ گائے (جب جا کے وہ پسیجے)
وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ○	گو یہ نہ تھی توقّع ایسا وہ کر بھی دینگے
وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا	وہ بھی ہے یاد جبکہ ایک شخص قتل کر کے
فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا	خود ہی فساد ڈالا اور خود لگے جھگڑنے

منزل ۱

ع ۱۰

وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ	منظور تھے خدا کو برے وہ فاش کرنے
مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ	تم جسکو میٹتے تھے - تم جسکو تھے چھپاتے
فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ	پس ہم نے کہدیا یہ (ایک پارچہ کو مارو)
بِبَعْضِهَا ؕ	گائے کا ایک ٹکڑا اُس لاش کو چھوا دو
كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى	خالق اسی طرح سے مُردون کو ہے جلاتا
وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ	اپنی نشانیان وہ تمکو ہے یون دکھاتا
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝	تاکہ سمجھ ہو تمکو - عقل و شعور پکڑو ؛
	ہٹ دھرمیون کو چھوڑ دو اور معرفت کو پہنچو
ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	بعد اسکے دل تمہارے پتھرا گئے پھر ایسے
فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ	گویا کہ تھے وہ پتھر یا اُن سے بھی سوا تھے
وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ	اور پتھرون میں سے تو بعضے ہیں ایسے ہوتے
لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ	نہرین ہیں جن سے جاری بہتے ہیں جنسے سوتے

منزل ۱

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ	بعض اُنمیں ایسے بھی ہیں شق ہیں (یہ اپنی گرانی)
فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ط	رستے ہیں اُنسے قطرے بہتا ہے اُسنسے پانی
وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط	اور بعضے اُنمین ڈر سے اللہ کے ہیں گرتے
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○	اور رب نہیں ہی غافل کرتوت سے تمہارے
اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ	کیا آس ہے یہ تمکو ایماں وہ لائیں تم پر
وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ	البتہ ایک ٹکڑی انمیں سے ہے (وہ بیچر)
يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ	سُنکر کلام باری تعریف کرتے ہیں وہ
مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○	اور جان بوجھکر بھی گو یا مُکرتے ہیں وہ
وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	جب مومنوں سے اُنکی ہوتی ہیں چار آنکھیں
قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ	تو کہتے ہیں کہ ہم بھی ایمان لا چکے ہین
وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ	لیکن جب اپنے آپس میں ملتے میں وہ تنہا
قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ	تو کہتے ہیں کہ تم نے کیون اُنسے کہدیا سوا؟

منزل ۱

بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ	کھولا ہے جو خدا نے تم پر کیا ہے ظاہر
	(انکو بتا بتا کے کرتے ہو اُن کو ماہر)
لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ	تاکہ اُس سے حجت رب کے حضور لائین
	(ہتھیار وہ تمہارے تم پر ہی پھر چلائیں)
	(یہ کیا حماقتین ہیں کیا کرتے ہو حماقت)
اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	کیا تم نہیں سمجھتے (اتنے ہو بے لیاقت)
اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ	لیکن وہ بے خبر کیا اتنا نہین سمجھتے
اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝	اللہ سب سے واقف اُن کے ڈھکے کھلے سے
وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ	اور اُنمین ایسے ان پڑھ بھی ہن جنہیں یہ خوبین)
لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ	جاہل کتاب سے ہین لیکن ہیں آرزو وین
اِلَّآ اَمَانِيَّ	اُنمین بجز خیالی تُکون کے اور کیا ہے
وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ۝	کورے ہیں ٹھوٹھ بالکل دوسہ گمان کا ہی

منزل ١

نصف

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ	پس وائے اُنپر جو ہین خود ہی کتاب لکھتے
ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ	پھر کہتے ہیں کہ یہ ہے اللہ کیطرف سے
لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا	تاکہ اوسے وہ بیچیں تہوڑے سے دام لیکر
	(تاکہ بدل دیں اُسکو یونہی سی منفعت پر
فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ	پس وائے اُنکے اوپر اُنکے ہی ہاتھ لکھین
وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۝	اور وائے اُنکے اوپر اُس سے جو وہ کمائین
وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ	اور کہدیا چھوئیگی ہرگز نہ آگ ہم کو تو
اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً ط	لیکن گنے چنے دن ہوگا عذاب تو ہو
قُلْ	تم کہدو (اہوشکی لو کیا خبط ہوگیا ہے)
اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا	تم نے خدا سے کوئی کیا عہد لیا ہے
فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗٓ	جو پھر نہیں پھریگا تم سے وہ عہد کرکے
اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝	یا باندھتے ہو بندش رب پر بغیر جانے

منزل ١

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً	ہاں جسنے پلّے باندھی اپنے برائی اپنی
وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـــَٔتُهٗ	چاروں طرفسے گھیرا اسکو خطائے اس کی
فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ	وہ ہی جہنّمی ہیں (وہ آگ میں جلیں گے)
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○	(آگ انکا ہی ٹھکانا) دائم وہیں رہیں گے
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	اور وہ جو دین پر ہیں ایمان جو ہیں لائے
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	کیں نیکیاں اکٹھی نیکی کے پھل لگائے
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ	وہ ہی تو جنّتی ہیں (ہے صاحبی انہیں کی)
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○	دائم وہیں رہینگے (جنت ہے انکی بستی)
وَاِذْ	وہ بھی ہے یاد جبکہ (میثاق ہوگیا تھا)
اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ	ہمنے بنی سرائل سے عہد لے لیا تھا
لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ قف	اللہ کے سوا بس پُوجو نہ تم کسی کو تو
	(جائز نہیں پرستش جھوٹے خیال چھوڑو)

منزل ۱

ع ۹ ۱۱ ۹

وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا	احسان باپ ماں سے اپنے کرو (نباہو)
وَّذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ	ذی قربی اور یتیموں مسکینونکو بھی چاہو
وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا	انسانوں سے یہ نرمی تم میٹھے بول بولو
وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	قائم نماز کر لو۔ دائم زکوات بخشو
ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ	پھر چند کے سوا سب تم میں سے صاف پلٹے
وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ○	(جمتے نہیں کہیں بھی) تم ہو پلٹنے والے
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ	اور جبکہ ہم نے تم سے یہ عہد لے لیا تھا
لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ	آپسمیں جنگ کر کے خونریزیاں نکرنا ؛
وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ	اپنوں کو دیس سے تم اپنے نہ دور کرنا
	(احکام ہیں یہ تم کو ان کو ضرور کرنا)
ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ○	پھر تم نے حامی بھر لی اور اب بھی مانتے ہو
	(اقرار سب یہی تھے تم خوب جانتے ہو)

منزل ۱

ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ	پھر تم وہی بشر ہو آپس میں قتل والے
وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ	اپنے ہی اک جتھے کے ہیں دیس سے نکالے
تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	کرتے ہوئے پہ یورش جرم اور زیادتی سے
	(دن رات ہیں نمونے ناحق کی سرکشی کے)
وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى	اور جبکہ لایا جائے بندی بنا کے اُن کو
تُفٰدُوْهُمْ	تم اُنسے فدیہ مانگو تم اُن سے چھٹی بھر لو
	حالانکہ یہ عمل ہیں بد تر سے ہی نکھتر
وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ط	اُن کا نکال دینا ہی ہے حرام تم پر
اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ	کیا دین ہے یہی کچھ پڑھ لی کتاب اور پھر
وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ	ایمان بعض پر ہے اور بعض سے ہو مُنکر
فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ	تم میں سے جو کریگا ایسا تو اُس کا بدلا
اِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	اِسکے سوا نہیں کچھ ہو زندگی میں رُسوا

منزل ۱

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ
يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ

اور دن جزا کے (انکو بالکل صواب کے رُخ)
پلٹا دیئے وہ جائیں بھاری عذاب کے رُخ

وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○

ذرّہ نہیں چھپا ہے آئینہ تم ہو سارے
غافل نہیں خدا ہے کرتوت سے تمہارے

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ز منزل ۱

یہ ہی تو لوگ ہیں وہ عقل و خرد سے کورے
دنیا خریدتے ہیں جو آخرت کے بدلے

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ
وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ ع ۴ ۱۰ ۱۰

اُنکے عذاب میں کچھ تخفیف بھی نہ ہوگی
نے کچھ مدد ملیگی نصرت نہ ہوگی اُن کی

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
وَقَفَّيْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ز

بیشک کتاب اپنی موسے کو بخشی ہم نے
اور پے بہ پے پیمبر بھی بعد اسکے بھیجے

وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

ہم نے ہی ابن مریم کو معجزے دیئے ہیں
(روشن نشانیاں ہیں مُردے تلک جیئے ہیں)

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ط	روح القدس سے ہمنے بخشی ہے انکو قوّت
	(یہ ہی ہماری طاقت یہ ہے ہماری قدرت)
اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ	یہ کیا کہ جب کبھی بھی کوئی رسول آیا
بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ	وہ حکم لیکے جو تہا سب خواہشون سے اُلٹا
اسْتَكْبَرْتُمْ ج	تو تم لگے اکڑنے (تم پر غرور چھایا)
	(ہٹ دھرمیون کی سوجھی اور حق سے منہ پھرایا)
فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ز وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ○	جھٹلایا بعض کو پھر بعضونکو مار ڈالا
	(مُفسد شریر ظالم کیا نام ہے نکالا)
وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ط	اور کہدیا ہمارے دل تو غلاف میں ہیں
	(انپر اثر ہی کیا ہو احساس کیا ہو انکو)
بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ	اُنپر خدا کی لعنت ہے کفر کے سبب سے
فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ○	تھوڑے ہیں مختصر ہیں ایمان لانے والے

منزل ١

وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	اور جب کتاب آئی اللہ کی طرف سے
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ	جو اُنکے پاس ہے وہ تصدیق اُس کی لائی
وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ	اور اس سے پہلے خود ہی جیسے ہوئے تھے
يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ	کُفار کے مقابل میں فتح چاہتے تھے
فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا	جب آگیا وہ (قرآن) پہنچانتے تھے جس کو
كَفَرُوْا بِهٖ ۡ	منکر ہوئے اُسی کے (یہ تو کمال دیکھو)
	(انکار جانے بوجھے کیسے ہیں بے ہمیت
فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○	پس منکروں کے اوپر اللہ کی ہی لعنت
	(کیسی بری وہ شے ہے کیسا بُرا ہے سودا)
بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ	انفسونکے بدلے اپنے کس چیز کو خریدا
اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا	جو نازل کی خدا نے اُس چیز سے ہیں منکر
	لکی اسلیئے بغاوت اسواسطے ہیں ترجمہ)

منزل ۱

اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ	خالق ہے فضل کرتا جس پر کہ چاہتا ہے
مِنْ عِبَادِهٖ ۚ	بندوںمین سے (وہ اپنی منشا کو جانچتا ہے)
فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ	آیا غضب غضب پر (بس آگئی مصیبت)
وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○	کفار کے لئے ہے مختص عذاب ذلت
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا	جب اُنسے ذکر آیا ایمان لاؤ اُس پر
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ	جو رب نے ہے اُتارا (جو فرض ہے مقرر)
قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا	تو کہدیا ہمیں ہے انکار ماسوا کا
وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۤ	ہم اُسکے معتقد ہیں ہمپر ہے جو کہ اُترا
وَهُوَ الْحَقُّ	حالانکہ وہ ہے سچا سب میں وہی تو ہے حق
مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ	جو انکے پاس ہے وہ اُسکا بھی ہے مصدّق
قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ	تم کہدو کیوں خدا کے نبیوں کو قتل کرتے
مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○	پہلے سے تم جو ہوتے ایمان والے ایسے

منزل ۱

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ	اور بے شک آئے موسیٰ لیکر کھلی دلیلین
	(تم تک پہنچ گئین سب چندھیا گئی تہین آنکھین)
ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ	غیبت میں اُنکی تم نے گوسالہ گھڑ لیا پھر
وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ○	اور ظالم ہو گئے تم (ہے ظلم صاف ظاہر)
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ	وہ بھی ہے یاد جبکہ تم سے لیا تھا وعدہ
وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ط	اور کوہ طور ہم نے تم پر کیا تھا اونچا
خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ	مضبوط پکڑو اُسکو جو ہم نے تم کو بخشا
وَّاسْمَعُوْا ط	اور سُن لو (جو ہیں کہتے یہ حکم مل چکا تھا)
قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ق	بولے کہ سُن لیا ہے لیکن عمل نہو گا
	(لو دیا یا ستم اُنہون نے یہ انحراف اُن کا)
وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ	یہ کفر کی وجہ تھی وہ دلمیں رچ گیا تھا
الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ط	وہ بوتے نہیں تھے گوسالہ بولتا تھا

منزل ۱

قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ	کہدو بہت برا ہے وہ حکم تم کو دیتا
اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○	دیندار رہو اگر تم یہ دین کیسا تمہارا
قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	کہدو جو دار آخر بخشا خدانے تم کو
عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ	شرکت نہیں کسی کی بس ایک تم ہی تم ہو
فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○	تو تم کرو تمنا مرنے کی جو ہو سچے
	(پھر زندگی ہی کیا ہے پھر جی کے کیا کروگے)
وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا	اور وہ کبھی نہ چاہیں یہ تو کبھی نہ چاہیں
بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ط	اسکے سبب جو پہلے ہاتھ انکے کر چکے ہیں
	جو کر چکا ہے کوتک ہر نفس مانتا ہے
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِالظّٰلِمِيْنَ ○	اللہ ظالمون کو بس خوب جانتا ہے
وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ	اور پاؤ گے تم انکو سب سے حریص زیادہ
عَلٰى حَيٰوةٍ ج	جینے پہ مرمٹے ہیں مرنیکا کب ارادہ

منزل ١

اُنسے بھی بڑھکے جو کہ مشرک ہیں شرک پر ہین	وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ	وقف
(مرتے ہین زندگی پر جینے کے جانور ہیں)		
ایک ایک اُنمین سے ہے یہ چاہ کرنے والا	يَوَدُّ اَحَدُهُمْ	
اے کاش اُس کو ملتی عمر ہزار سالا	لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ	
لیکن جو ایسا ہو بھی تو بھی نہیں ہے بریت	وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ	
بخشے عذاب سے کب۔ کب عمر کی طوالت	مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۭ	منزل ۱
(دو دن کی زندگی پر کیون مفت مر رہے ہیں)		
اللہ دیکھتا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہین ؛	وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ○	ع ۱۰ ۱۱
کہدو تم اُس سے جو کہ جبریل کا عدو ہے	قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ	
بیشک اُتاری اُس نے حکم خدا سے وہ شے	فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ	
دلبر تمہارے (یعنے قرآن پاک گویا)	عَلٰی قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ	
تصدیق کرتا ہے وہ جو اُس سے پہلے اُترا	مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ	

	حق ہے کتاب حق ہی مخزن کمالونکی ہے
وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○	خوشخبری اور ہدایت ایمان والونکی ہے
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	دشمن ہے جو خدا کا اس کے ملائیکہ کا بھی
وَرُسُلِهٖ	اُسکے پیمبرون سے جو دشمنی ہو رکھتا
وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ	جبریل اور میکال اُنسے اگر ہے اُن بن
فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ○	تو واقعی خدا بھی ہے کافروں کا دشمن
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍ	البتہ ہم نے تمپر ہین آیتین اُتاری
بَيِّنٰتٍ ۚ	روشن ہیں جو کھلی ہین (آئینہ ہین جو ساری)
وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ○	منکر نہو گا کوئی جز فاسقون کے اُن سے
	(بدعہد و بے دیانت ۔ سرکش ہیں جو غضب کے)
اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا	یہ کیا کہ جب کبھی وہ باندھینگے عہد کوئی
نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ؕ	تو اُنمین ہی سے ٹکڑی ایک اُسکو توڑ دیگی

منزل ١

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○	بلکہ بہت سے انمیں دیندار بھی نہونگے
	(حق کی قبولیت پر تیار ہی نہوں گے)
وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ	جب انکے پاس آیا اللہ کا پیغمبر
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ	ان چیزوں کا مصدّق اُتری تھین جو کہ انپر
نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ	تو انہیں ہی سے اک جُٹ جو تھی کتاب والی
كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ	اُسنے کتاب حق کی پیچھے اُٹھا کے پھینکی
	(اُنکو کچھ اور دھن سے وہ اور ہی کہیں ہیں)
كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○	گویا کہ اُسکی بابت واقف ہی وہ نہیں ہیں
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ	اور اُنکی پیروی کی پڑھتے تھے جو کہ شیطاں
عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ	اُس عہد میں کہ جسمین تھے حکمران سلیمان
وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ	حالانکہ کفر کوئی کرتے نہ تھے سلیمان
وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا	شیطان تھے کفر کرتے لیکن (بہت نمایاں)

منزل ١

يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ق	جادو سکھاتے تھے وہ لوگوں کو (اور ٹونا) (باطل کو بڑبڑاتے اک شغل یہ نکالا)
وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ	بابل میں دو فرشتوں پر تھا جو کچھ اتارا
هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط	ہاروت کا کرشمہ۔ ماروت کا عمل تھا
وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ	وہ دونوں بھی سکھاتے ہرگز نہ ایک کو بھی
حَتّٰى يَقُوْلَآ	حتےٰ کہ صاف کہتے (رکھتے لگی نہ لپٹی)
اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ط	بیشک ہیں آزمایش ہم تم نہ ہونا کافر (اس شغل میں نہ پڑنا اسکا ضرر ہے ظاہر)
فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا	پھر بھی تو سیکھتے تھے لوگ اُنسے ایسی چیزیں
مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ	جن سے کہ تفرقہ ہو بیوی میں اور میاں میں
وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ	پہنچا نہ سکتے تھے وہ کوئی ضرر کسی کو
اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط	اُسکے سبب سے۔ لیکن حکم خدا اگر ہو

منزل ۱

وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ	اور سیکھتے تھے وہ شئے نقصان جو اُنہیں دے
وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ	جو فائدہ نہ بخشے (تکلیف جس سے پہنچے)
وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ	بیشک وہ جانتے تھے جو یہ خریدے گا
مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ	اُسکے لئے نہیں ہے کچھ آخرت میں حصّہ
وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ	کیسی بری ہے وہ شے بدلے میں جسکے بیچا
اَنْفُسَهُمْ ؕ	جانوں کو خود اُنہوں نے (کس چیز پر ہے وارا)
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝	اسکی خبر وہ رکھتے اے کاش جانتے وہ
	(سود و زیاں کو اپنے اے کاش مانتے وہ)
وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا	لاتے اگر وہ ایماں پرہیزگار ہوتے
لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ	تو نیک بدلا ملتا اللہ کی طرف سے
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝	اِسکی خبر وہ رکھتے اے کاش جانتے وہ
	(سود و زیاں کو اپنے اے کاش مانتے وہ)

منزل ۱

ع ۱۲ ۷ ۱۲

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ایمان لانے والو اے حق کے دیندارو
لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا	وقت خطاب منہ سے تم راعِنا نہ بولو
وَقُوْلُوا انْظُرْنَا	اُنظُرنا ہی کی عادت ڈالو (یہی بجا ہے)
وَاسْمَعُوْا ؕ	دل سے سُنو (جو تمکو ارشاد ہو رہا ہے)
وَلِلْكٰفِرِيْنَ	اور کافروں کے حق میں سب سے بڑی سزا ہی
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝	ایسا عذاب ہوگا جو درد سے بھرا ہے
مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اہل کتاب و مشرک انمین سے جو ہیں منکر
مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ	یہ چاہتے نہیں ہیں وہ خوش نہیں (بظاہر)
اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ	اُترے تمہارے ربکی جانب سے تمپہ خوبی
	(یہ اُنپہ شاق ہے بس یہ شے ہے اُنکو کھلتی)
	(اپنے کرم کی خاطر اللہ کو سوا ہے)
وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ	چن لیتا ہے اوسے وہ خود جسکو چاہتا ہی

منزل ۱

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ○	اور رب ہے فضل والا وہ فضل میں بڑا ہی
	(رحمت ہے اُسکی عادت رحمت کا بادشاہی)
مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ	آیات میں سے جو کچھ منسوخ کرتے ہیں ہم
اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ	یا دل سے محو کر کے کر دیتے ہین اُسے کم
بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ	اُس جیسا یا کہ بہتر اُس سے اتارتے ہین
	(خلاق ہین ہر اک شے دوگنی سنوارتے ہیں)
اَلَمْ تَعْلَمْ	کیا تم نہیں ہو واقف تم پر نہیں ہے ظاہر
اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○	بیشک خدا۔ خدا ہے ہر چیز پر ہے "قادر
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ	کیا تم نہیں ہو واقف اللہ ہی کے لیئے ہے
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	ارض و سماں کی شاہی اُسکے ہی واسطے ہی
وَمَا لَكُمْ	کوئی نہیں تمہارا سب جھوٹ اِفترا ہے
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ○	کوئی ولی نہ حامی اللہ کے سوا ہے

منزل ۱

أَمْ تُرِيدُونَ	کیا قصد ہے تمہارا تم بھی یہ چاہتے ہو
أَنْ تَسْـَٔلُوا رَسُولَكُمْ	اپنے نبی سے تم بھی ایسے سوال پوچھو
كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِنْ قَبْلُ ط	جیسے سوال پوچھے موسے سے اس سے پہلے
	(درخواستین گناہین چھیڑے فضول جھگڑے)
وَمَنْ يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ	ایماں کے بدلے جنے بیدینی کو لیا ہے
فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ○	گمراہ ہے وہ بیشک رستہ بھٹک گیا ہے
وَدَّ كَثِيرٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ	اہل کتاب اکثر اِس دھن میں ہیں حسد سے
لَوْ يَرُدُّونَكُمْ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا	مرتد کرین وہ تمکو کافر بنا لین پھر کے
حَسَدًا مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ	بعد اُسکے جبکہ انپر حق ظاہر ہو چکا ہے
مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ج	کاوش ہے جو دلونمیں یہ اُسکا سلسلہ ہے
فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا	پس تم معاف کردو ایسی گئی ہو اُنسے
حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ط	حتے کہ حکم اپنا اللہ خود دکھا دے

منزل ١

	(طاقت بڑی ہے اسکی قوت سے ہی وہ ظاہر)
اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○	بیشک خدا خدا ہے ہر چیز پر ہے قادر
وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ؕ	کرلو نماز قائم اور دو زکٰوۃ دائم
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِکُمْ مِّنْ خَیْرٍ	پہلے سے جو کروگے تم نیکیان فراہم
تَجِدُوْہُ عِنْدَ اللّٰہِ ؕ	پاؤگے اوسکو اپنے خالق کے پاس یکجا
	(وہ زاد آخرت ہے مل جائیگا اکٹھا)
	(رتی سے رائی تک سب اُسپر کھلا ہوا ہی)
اِنَّ اللّٰہَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ○	بیشک جو کرتے ہو تم اللہ دیکھتا ہے
وَقَالُوْا لَنْ یَّدْخُلَ الْجَنَّۃَ	اور کہدیا اُنھون نے داخل نہ کوئی ہوگا
اِلَّا مَنْ کَانَ ھُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی ؕ	جنت میں۔ یا یہودی ہوگا و یا نصارا
تِلْکَ اَمَانِیُّھُمْ ؕ قُلْ ھَاتُوْا بُرْھَانَکُمْ	یہ ہیں امیدیں اُنکی کہدو دلیل لاؤ
اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ○	سچے ہو تو صداقت برہان سے دکھاؤ

الثلثۃ

منزل ۱

بَلٰى ق مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ	ہان جوکہ خود کو سونپے اللہ کے بھروسے
وَهُوَ مُحْسِنٌ	اور نیکی کرنے والا بھی ہو عمل ہوں اچھے
فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ص	اجر اُسکا اوسکے رب کی درگاہ میں ملے گا
١٣ ع ٩ ١٣ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○	انکو نہ خوف ہوگا نے کوئی غم رہے گا
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ص	اور کہتے ہین یہودی عیسائی کوئی شے بھی
منزل ١ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ	اور کہتے ہین نصارا کچھ بھی نہین یہودی
وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ط	حالانکہ (دونو واقف) وہ ہیں کتاب پڑھتے
	آپس مین مفت ہین وہ اک دوسرے سے بڑھتے
كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ	لاعلم ہیں جو بالکل ۔ اُنکی ہی دیکھا دیکھی
مِثْلَ قَوْلِهِمْ ج	کہدین اُنہون نے باتین اِنکے ہی قول کی سی
فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اللہ حشر کے دن اُن میں حَکَم بنیگا
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○	جسمین جھگڑ رہے ہیں وہ فیصلہ کریگا

وَمَنْ اَظْلَمُ	اور کون ہوگا ظالم اُس سے زیادہ ظالم (ایسے عمل مین جو ہو اس طرحسے مزاحم)
مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ	روکے جو مسجدونمین ذکر جناب باری
وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ	اور سعی ہووے اُنکی ویرانیوں میں اُنکی
اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ	وہ ہی تو لوگ ہیں یہ لایق نہیں تھے اسکے
اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ	داخل نہوتے اُنمین ہوتے تو ڈرتے ڈرتے
لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ	اُنکے لیئے ہے ذلت دنیا مین اُنکو خواری
وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۞	اور آخرت مین انپر ہوگا عذاب بھاری
وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ق	مشرق ہو اور مغرب اللہ ہی کا ہے سارا
فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ	تم جس طرف پھروگے رخ اُودھر خدا کا ہے
اِنَّ اللّٰهَ	بیشک خدا ہے واقف (کہ کیا ہی ہوگا کتنہ کچھے)
وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۞	وسعت بڑی ہے اسکی وہ جانتا ہے سب کچھہ

منزل ۱

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ	اور کہدیا اُنھون نے اللہ کا ہے بیٹا
سُبْحٰنَهٗ ؕ	(بہتان ہے یہ اُسپر) وہ پاک ہی (منزّا)
بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	لیکن اُسی کا سب ہے ارض وسما میں جو ہے
كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ○	فرمان پذیر سب ہین سب تابعدار اُسکے
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	وہ خلق کرنے والا ہے آسماں زمیں کا
	ہر چیز اُسکی مظہر ہر شئے ہے اُسکا جلوہ
وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا	کرتا ہے جب کبھی وہ جس کام کا ارادہ
فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○	"کُن" کہتا ہے وہ جو ہین ہوتا ہے کام پورا
وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ	اور کہدیا اُنھون نے جو جانتے نہیں ہین
لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ	کیوں ہم سے رب ہمارا کرتا نہیں ہی باتین
اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ	یا کیون نہین ہے آتی ہم تک کوئی نشانی
	(جو چاہتا ہے ہمسے کہدے وہ خود زبانی)

منزل ۱

كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ	اُن لوگون نے بھی ایسا ایسا ہی تو کہا تھا
مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ	تھے جو کہ اِنسے پہلے قول انکا تھا اِنہی سا
تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ	دل ایک سے ہیں اُنکے یکسان مشابہت ہے
	جو کچھ کہا اُنھون نے اِنکو بھی وہ ہی ہٹ ہے
قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ	البتہ صاف روشن لائے ہیں ہم دلیلین
لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝	جو ہین یقین والے اُن لوگون کیلئے ہین
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ	البتہ ساتھ حق کے ہم نے ہے تمکو بھیجا
بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا	خوشخبری دینے والا اور ہے ڈرانے والا
وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝	دوزخ کے رہنے والونکا تم سے کیا علاقہ
	تم سے نہ اُنکی بابتہ کوئی سوال ہوگا۔
وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى	ہرگز نہ راضی ہونگے عیسائی نے یہودی
حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ	جبتک کہ انکی ملت کی پیروی نہ ہوگی

منزل ۱

قُلْ	تم کہدو اے رعایت حق پر کرو دلالت
اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ	جو رب کرے ہدایت ہے بس وہی ہدایت
وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ	پیرو کہیں بنے تم جو اُنکی خواہشوں کے
بَعْدَ الَّذِىْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ	بعد اسکے جب کہ تم کو خود علم ہوگیا ہے
مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ	تو پھر خدا کی جانب سے کچھ نہیں سہارا
مِنْ وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝	نے دوست کوئی ہوگا نے حامی کارہوگا
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ	اپنی کتاب ہم نے جن لوگوں کو ہے بخشی
يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ	اوسطرح پڑھتے ہیں وہ لازم ہے جیسی پڑھنی
اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ	وہی تو مومنیں ہیں ایماں جو اُسپہ لائے
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝	اُس سے ہوئے جو منکر وہی زیان والے
يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا	ہاں اے بنی سرائیل یاد اُسکی ہو مقرر
نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ	نعمت وہ جو کہ ہم نے انعام کی ہے تمپر

وقف غفران

منزل ۱

۱۴ ع ۹ ۱۴

وَاَنِّیْ فَضَّلْتُکُمْ	اور یہ کہ ہم نے تمکو (سرکار کردیا ہے)
عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ○	سب عالموں کے اوپر مختار کردیا ہے
وَاتَّقُوْا یَوْمًا	اُس دن سے خوف کھاؤ (ٹھراؤ اس گھڑی سی)
لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا	کام آسکے نہ جسدن کوئی ذرا کسی کے
وَّلَا یُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ	بدلا نہ اُس سے ہوگا نے نفع دے شفاعت
وَّلَا هُمْ یُنْصَرُوْنَ ○	کی جائیگی نہ اُنکے حق میں کوئی ضمانت
وَاِذِ ابْتَلٰۤی اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِکَلِمٰتٍ	جانچا گیا براہم جب اُسکے ربنے جانچا
فَاَتَمَّهُنَّ ؕ	باتیں کئی تھیں پر وہ سب میں ہی پورا اُترا
قَالَ	ارشاد یہ ہوا (پھر اب دیکھو فضل دیکھو)
اِنِّیْ جَاعِلُکَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ	سب لوگوں پر بنائینگے ہم امام تمکو
قَالَ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ	اُسنے کہا کہ اور (پھر) اولاد میں سے میری
	(انکو بھی تو عطا ہو میراث کچھ پدر کی)

منزل ۱

قَالَ لَا يَنَالُ	فرمایا ظالموں کو کچھ فائدہ نہ ہوگا
عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ۝	ظالم کو عہد میرا ہرگز نہیں پہنچتا
وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ	لوگوں کے واسطے جب کعبہ کو ہمنے ٹھہراتا
مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ؕ	جائے ثواب و مامن اُسکو بنایا اُن کا
وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ	(فرمان تھا) براہم کی جاپہ ہو مصلّٰے
	(تحریم کی جگہ ہے سجدہ کریں سب اُسجا)
وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ	باپ اور بیٹے سے بھی یہ عہد لیا تھا
اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ	دونوں ہمارے گھر کو مل جل کے پاک کرنا
لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ	اُنکے لیئے جو طائف ہیں اعتکاف والے
وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ۝	جو ہیں رکوع کرتے اور جو ہیں سجدہ کرتے
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ	کی عرض جب براہم نے اے خدا تعالےٰ
هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا	اس شہر کو بنادے امن و امان والا

منزل ۱

وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ	جو اسکے ہوں بسیار رزق انکو دے پھلوں سے
مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ	ایمان لائیں تجھ پر ان میں سے جو ہوں ایسے
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اللہ و آخرت پر ایمان جو کہ لائیں
	(تجکو ہی بس سراہیں تیرے ہی گن وہ گائیں)
قَالَ وَمَنْ كَفَرَ	فرمایا جو ہے کافر انکار میں ہے ڈوبا
فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا	جسکا اسے میں دونگا تھوڑے سے فائدے کا
ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ	پھر مضطرب کرونگا سوئے عذاب آتش
وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ	کیسی بری جگہ ہے کیسی بری رہائش
وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ	باپ اور بیٹے نے جب بنیاد اٹھائی گھر کی
مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ	تو اسطرح دعا کی یوں رب سے خیر چاہی
رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا	اے رب ہماری خدمت ہم سے قبول کر لے
اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝	تو سب کی سننے والا گن جانتا ہے سب کے

منزل ۱

رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ	اے رب ہمارے ہمکو مسلم بنالے اپنا
وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً	اولاد سے بھی اپنی امت ہو ایک پیدا
مُّسْلِمَةً لَّكَ ص	مسلم ہو جو کہ تیری (پوجے تجھی کو پیارے)
وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا	اور ہمکو سب بتادے تو قاعدے ہمارے
وَتُبْ عَلَيْنَا ج	توبہ قبول کر لے ہر دم ہماری توبہ
إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝	توّاب ہے تو بیشک بیحد ہے رحم والا
رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ	مبعوث کر الٰہی ان میں سے ایک رہبر
يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ	جو تیری آیتوں کو پڑھکر سنائے انپر
وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ	تعلیم دے سکھائے تیری کتاب و حکمت
وَيُزَكِّيهِمْ ط	اور پاک کردے انکو (پاکیزگی کی صورت)
	(جو چاہے تو وہ کر دے کیا دیر تجھکو مولا)
إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝	بیشک ہے تو ہی غالب حاکم ہے حکمتوں کا

منزل ١

١٥ ع ٨ ١٥

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ	اور ملت براہیم سے کون پھر سکیگا
اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ	اُسکے سوا کہ جس نے اپنے تئیں نہ سمجھا
وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ	البتہ ہم نے اُسکو دنیا میں چن لیا ہے
وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۟	اور آخرت میں بھی ہے بیشک وہ صالحین سے
اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ	جب اُس سے اُسکے رب نے فرمایا کہ اطاعت
قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○	اُسنے کہا مطیع ہوں (ہے بندگی دلالت)
وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ	یعقوب اور براہیم نے چھوڑی یہ وصیت
	بیٹوں کو اپنے اپنے کی اسکی یہ نصیحت
يٰبَنِىَّ	بیٹو ہمارے بچو (رہنا نہ اس سے قاصر)
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ	اس دین کو چنا ہے رب نے تمھاری خاطر
فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا	پس تم نہ مرنا ہرگز لیکن مطیع مرنا
وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○	حالانکہ تم ہو مسلم (توحید پر گزرنا)

منزل ١

أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ	موجود تھے تم اُس دم یعقوب جب مرے ہیں
إِذْ قَالَ لِبَنِيهِ	بیٹوں سے جب اُنھوں نے کلمات یہ کہے ہیں
مَا تَعْبُدُونَ مِنْ بَعْدِي ط	تم میرے بعد آخر کس کی کروگے طاعت
	کس کی پرستشوں کو سمجھوگے تم عبادت
قَالُوا نَعْبُدُ إِلٰهَكَ	وہ بولے (ہم تمھارے معبود کے ہیں بندے)
	پوجیں گے ہم اُسی کو تم جسکو پوجتے تھے
وَإِلٰهَ آبَآئِكَ إِبْرٰهٖمَ وَإِسْمٰعِيلَ	وہ ہی خدائے واحد اپنا بھی آسرا ہے
وَإِسْحٰقَ إِلٰهًا وَّاحِدًا صلے	تم اور تمھارے باپ اور دادا کا جو خدا ہے
وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ○	اُسکے ہی ہم مطیع ہیں فرمانبری کرینگے
	(اُسپر ہی زندگی ہے اُسپر ہی مرمٹینگے)
تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ج	امت تھی ایک وہ جو گذری ۔ گیا زمانہ
	(باقی رہا یہ جو کچھ اعمال کا فسانا)

منزل ١

لَهَا مَا كَسَبَتْ	اُن کا کیا ہے اُن کا (جو کر گئے وہ سارے)
وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ	کرنی کے پھل تمھارے ہیں واسطے تمھارے
	(اپنی نبیڑو اپنی کرنی کو پاؤگے تم)
وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اُنکے کیے کی بابت پوچھے نہ جاؤگے تم
وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا	اور کہدیا اُنھوں نے ہو جاؤ تم یہودی
اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا	بن جاؤ یا نصاریٰ جب روشنی ملیگی
قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهِمَ حَنِيْفًا	تم کہدو بلکہ سچی ہے ملتِ براہم
	اُسکے مطیع بنو (تم پہ پیروی ہے لازم)
	(برحق ہے دین اُسکا اور اُسکے سب طریقے)
وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○	(یکتا تھا وہ موحد) تھا وہ نہ مشرکوں سے
قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ	کہدو کہ اپنے رب پر ایمان ہے ہمارا
وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا	اور اوس پہ جو ہے اُترا ہمپر جو ہے اُتارا

منزل ١

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ	لائے ہیں جو براہیم یعقوب اور سماعل
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ	اسحاق اور اسباط۔ اُنپر ہوا جو نازل
وَمَآ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى	موسیٰ کو جو ملا ہے۔ عیسٰے کو جو ہے بخشا
وَمَآ اُوْتِىَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ	جو کچھ ہے اور نبیوں کو اُنکے رب سے پہنچا
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫	ہمکو نہیں ہے تفریق انہیں سے ایک میں بھی
وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝	ہم ہیں اُسی خدا کے دل جان سے پجاری
فَاِنْ اٰمَنُوْا	پس جو وہ لائیں ایماں (ایسا اسیطرح سے)
بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ	جسطرح سے کہ اُسپر ایمان تم ہو لائے
فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ	تو بیشک اُنکو (بیشک) حاصل ہوئی ہدایت
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِىْ شِقَاقٍ ۚ	پھر جائیں پھر اگر وہ ہے پھر وہی بغاوت
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ	اللہ اُنکے شر سے جلدی نجات دیگا
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۭ	اور وہ ہے سننے والا اور جانتا ہے اچھا

منزل ۱

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ	یہ رنگ ہے خدا کا (کون اس سے ہوگا جو کہا)
وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۡ	رنگت سے اسکی بہتر ہے کون رنگ سکتا
	(اسکی ہی مورتیں ہیں نقشے اتر رہے ہیں)
وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ○	اور ہم اسی کے بندے اسکو ہی پوجتے ہیں
قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ	کہدو کہ کیا ہے حجت رب کے لئے (عجب ہے)
وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ	وہ ہی ہمارا رب ہے وہی تمھارا رب ہے
وَلَنَآ اَعْمَالُنَا	ہیں واسطے ہمارے کرنی کے پھل ہمارے
وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ	اور واسطے تمھارے اعمال ہیں تمھارے
	(دل جان سے ہیں اسکی توحید پر عقیدے)
وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ○ لا	ہمتو کھرے کھرے ہیں خالص خلوص اسکے
اَمْ تَقُوْلُوْنَ	کیا تم یہ کہتے ہو (یہ الفاظ نا ملائم)
اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ	اسحاق اور سماعل یعقوب اور براہم

منزل ١

وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ	موسائی یا نصاری تھے (سب کے سب یہ تیرے) اسباط سے ہو واقف جو اُنکے تھے طریقے؟
قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ	کہدو کہ تم زیادہ واقف ہو یا خدا ہے جو کچھ تھے وہ یقیناً اللہ جانتا ہے
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ	کون اُس سے زیادہ ظالم ہوگا کہ جو چھپاوے اُس پاس جو شہادت بارے میں ہے خدا کے (ذرہ نہیں چھپا ہے آئینہ تم ہو سارے)
وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝	غافل خدا نہیں ہے کرتوت سے تمھارے
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ	امت تھی ایک وہ جو گزری گیا زمانہ (اک رہ گیا ہے باقی اعمال کا فسانہ)
لَهَا مَا كَسَبَتْ	اُنکا کیا ہے اُن کا جو کر گئے وہ سارے
وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ	کرنی کے پھل تمھارے ہیں واسطے تمھارے

منزل ١

وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ ١٤ ع ١٢ ١٦

(اپنی نبیڑو اپنی کرنی کو پاؤ گے تم)
اُنکے کیئے کی بابتہ پوچھے نہ جاؤ گے تم

منزل ١